شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16 اگست 2025ء

پریس ریلیز

سیلاب نے پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں ایک قیامت برپا کر دی ہے۔

حکومت اور ریاستی اداروں سمیت رفاحی ادارے، دینی جماعتیں اور عوام متاثرین کی امداد میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): سیلاب نے پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں ایک قیامت برپا کر دی ہے۔ حکومت اور ریاستی اداروں سمیت رفاحی ادارے، دینی جماعتیں اور عوام متاثرین کی امداد میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیں۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے اِس قدرتی آفت پر شدید رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ جمعرات کو صوبہ خیبر پختونخوا میں ہونے والی شدید ترین بارش کے باعث تباہ کن سیلابی ریلوں اور لینڈ سلائیڈنگ نے بونیر، باجوڑ، بٹگرام اور سوات سمیت صوبے کے کئی علاقوں میں تباہی مچادی۔ طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے بعض علاقے بھی بُری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ میڈیا کی اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں 250 سے زائد افراد جاں بحق ہو گئے ہیں اور سینکڑوں لاپتہ ہیں۔ سیلابی ریلے کئی بستیاں بہا کر لے گئے ہیں اور ہزاروں لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! مہمند میں موسم کی خرابی اور آسمانی بجلی گرنے سے ایک امدادی ہیلی کاپٹر بھی گر کر تباہ ہو گیا ہے۔ صوبے کا بنیادی ڈھانچہ بُری طرح متاثر ہوا ہے۔ گویا ایک قیامتِ صغریٰ برپا ہوگئی ہے۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران ایسے پے در پے واقعات میں ہونے والے نقصان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومتی ادارے ایسی قدرتی آفت سے متاثرہ افراد کے لیے بروقت حفاظتی اقدامات کرنے اور اُنہیں بروقت ریلیف پہنچانے میں ناکام ہوئے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس نازک موقع پر وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا، حکومتی اتحاد میں شامل دیگر جماعتیں اور مرکز میں اپوزیشن لیڈر ذاتی تلخیاں پسِ پُشت ڈال کر متاثرین کو بھرپور ریلیف دینے پر توجہ دیں۔ متاثرین کو اِس مشکل گھڑی میں ہر طرح کی مدد فراہم کرنے کے لیے نجی رفاحی تناظیم، دینی جماعتیں اور عوام بھی ریلیف آپریشن میں بھرپور شرکت کریں۔ امیر تنظیم اسلامی نے رفقائے تنظیم اسلامی کو ہدایت کی کہ وہ اِس مشکل گھڑی میں اپنے بھائیوں کی بڑھ چڑھ کر مدد کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ درحقیقت ایسی آفات آزمائش بھی ہوا کرتی ہیں اور کئی مرتبہ یہ ہمارے گناہوں پر تنبیہات بھی ہوا کرتی ہیں۔ لہٰذا ہمیں انفرادی اور اجتماعی سطح پر اللہ تعالیٰ کے حضور صدقِ دل سے توبہ کرنی چاہیے اور گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہیے۔ آخر میں اُنہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور متاثرینِ سیلاب کی مشکلیں آسان کرے۔ اللہ تعالیٰ اس آزمائش کو اہلِ پاکستان کے لیے اپنا قبلہ درست کرنے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے کا سبب بنائے۔ آمین!

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: August 16th, 2025

Floods have wreaked havoc in Khyber Pakhtunkhwa, Pakistan. The government, state institutions, welfare organizations, religious parties, and the public must step forward wholeheartedly to assist the victims.
(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, who expressed deep sorrow and grief over this natural calamity. He said that due to Thursday's torrential rains in Khyber Pakhtunkhwa, destructive floods and landslides devastated several areas including Buner, Bajaur, Battagram, and Swat. Heavy rains and floodwaters also badly affected some parts of Azad Kashmir and Gilgit-Baltistan. According to media reports, more than 250 people have lost their lives in Khyber Pakhtunkhwa and hundreds remain missing, while flash floods have swept away many settlements, leaving thousands homeless – Inna Lillahi Wa Inna Ilayhi Raji'un. In the area of Mohmand, an aid helicopter also crashed due to bad weather and lightning. The province's basic infrastructure has been severely damaged, as if a minor Doomsday had struck. He added that repeated disasters in recent years clearly prove that state institutions have failed to take timely protective measures and provide immediate relief to the affected people. He stressed that at this critical moment, the Prime Minister, the Chief Minister of Khyber Pakhtunkhwa, parties in the ruling coalition, and the opposition leader in the National Assembly should set aside personal grievances and focus on providing maximum relief to the victims. He further appealed that private welfare organizations, religious parties, and the general public must also actively participate in the relief operations. The Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** directed the rufaqa (members) of Tanzeem-e-Islami to come forward and assist their brothers generously in this hour of difficulty. He reminded that such calamities are sometimes trials and at times serve as divine warnings for our sins; therefore, we must repent sincerely to Allah (*SWT*) at both the individual and collective levels, and beg forgiveness with humility. In conclusion, he prayed that Allah (*SWT*) grant forgiveness to the deceased, ease the hardships of the flood victims, and make this trial a means for the people of Pakistan to correct their direction and revert to Allah (*SWT*). Ameen!

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat